English - Urdu

THREE BEST FRIENDS OF MICE VILLE

تین چوہوں کا امتحان

Jody Wilber

There once were three mice named Henry, Frank and Lyle.

Henry, Frank and Lyle were the best of friends. They loved to play cheese ball in the wheat fields.

ایک دفعہ کی بات ہے بستی چوہانگر میں ہینری، فرینک اور لایل نام کے تین چوہے رہتے تھے۔
ان تینوں میں آپس میں گہری دوستی تھی اور وہ دن بھر گیہوں کے کھیتوں میں پنیر سے بنی گیند سے کھیلتے رہتے تھے۔

One rainy day Henry, Frank and Lyle were busy digging tunnels in the dirt. Suddenly a little old mouse came up behind them.

The little old mouse said, “Are you Henry, Frank and Lyle, the three best friends who love to play cheese ball in the fields and eat ice cream in the park?”

“Yes,” replied all the three friends. "But who are you?"

ایک دن جبکہ بارش ہو رہی تھی اور وہ تینوں ہینری فرینک اور لایل زمین میں سرنگ بنانے میں مشغول تھے کہ اچانک ان کے پیچھے سے ایک چھوٹے قد کا بوڑھا چوہا ظاہر ہوا۔

اس بوڑھے چوہے نے ان سے پوچھا" کیا تم ہی وہ ہینری، فرینک اور لایل ہو جو ایک دوسرے کے اچھے دوست ہیں اور گیہوں کے کھیتوں میں فٹ بال کھیلتے ہیں اور آئس کریم کھاتے ہیں؟ "

تینوں نے بہ یک آواز کہا" ہاں ہم وہی ہیں، مگر تم کون ہو؟"

He said, “I am a servant of the King. I have been sent here to give you a special task.”

The three mice looked confused. “Don't worry,” the professor mouse said. “I will explain everything to you if you will kindly sit and have tea and cheese with me.”

بوڑھے چوہے نے کہا "میں بادشاہ سلامت کا ملازم ہوں۔ بستی چوہانگر کے بادشاہ نے مجھے اس لئے بھیجا ہے کہ میں تم کو ایک خصوصی تحفہ دوں"۔

تینوں ہینری، فرینک اور لایل نے اس بوڑھے چوہے کو حیرت و تعجب سے دیکھا۔ بوڑھے چوہے نے کہا" حیران نہ ہو میں ابھی تم کو سب کچھ بتادوں گا۔ آؤ بیٹھو، پہلے پنیر کے ساتھ کچھ چائے پیتے ہیں"۔

The old mouse said, " The king has asked me to give each of you one thousand pieces of cheese. You can do whatever you want with it. It is the King's hope that you will use this fortune to help your friends and family. "

پھر اس بوڑھے چوہے نے کہا" بادشاہ سلامت نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم میں سے ہر ایک کو ایک ایک ہزار پنیر کے ٹکڑے دوں۔ اس میں تم کو اختیار ہے تم جس طرح چاہو اس پنیر کو استعمال کرو۔ اسی کے ساتھ بادشاہ سلامت کو امید ہے کہ تم اپنی اس نعمت کو اپنے دوستوں اور اپنے رشتہ داروں کی بہتری کے لئے استعمال کروگے"۔

The mice were happy and very excited. They all thought this sounded like a good idea. They agreed to take the fortune.

یہ خبر سن کر تینوں چوہے بے انتہا خوش ہو گئے۔ انہوں نے کہا یہ تو بہت ہی اچھی بات ہے پھر ان تینوں ہینری، فرینک اور لایل نے اپنا اپنا حصہ لے لیا۔

“Very good,” said the old mouse. “I will be back in a month to see what you have done. The mouse that does the best with his fortune will be given a fortune for life.”

"اچھا" چھوٹے بوڑھے چوہے نے کہا"۔ میں اب ایک مہینہ بعد واپس آؤں گا اور دیکھوں گا کہ تم نے اپنے اپنے حصہ کے پنیر کا کیا استعمال کیا ہے۔ جس چوہے نے اپنے حصے کے پنیر کا سب سے اچھا استعمال کیا ہو گا اس کو انعام کے طور پر عمر بھر کے لئے پنیر دیا جائیگا"۔

The three mice each had an idea of how they were going to invest the cheese.

ان تینوں چوہوں میں سے ہر ایک نے اپنے اپنے طور پر سوچا کہ وہ بادشاہ سلامت کی طرف سے دیے ہوئے پنیر کو کس طرح استعمال کرے۔

Henry took his fortune and used it all up on himself. He decided that if he were rich, people would like him more. The problem was that the more money he spent on himself, the busier he got thinking about himself. So he thought about none.

ہینری نے وہ سب پنیر خود اپنے ہی لئے استعمال کر لیا۔ اس نے سوچا اگر وہ اس سب دولت کو جو
پنیر سے حاصل ہو گی استعمال کر کے مالدار نظر آئے گا تو لوگ اس کو زیادہ پسند کریں گے۔ ہینری نے
صرف اپنے ہی بارے میں سوچا اس لئے کسی اور نے اس کے بارے میں نہیں سوچا۔

Frank, the mouse with the squeaky voice, felt that storing the cheese for hard times would be the best way to help himself and maybe his friends and family. He took all of his cheese and buried it underground. Unfortunately, the cheese began to rot and was useless to everyone.

فرینک وہ چوہا تھا جس کی بڑی تیز آواز تھی۔ اس نے اپنے حصے کے سارے پنیر کے ٹکڑے زمین میں دبا دئے یہ سوچ کر کہ یہ پنیر آڑے وقت میں کام آئے گا اس نے سوچا کہ دوستوں اور رشتہ داروں کی مدد کرنے کا یہی بہترین طریقہ ہے۔ مگر جلد ہی وہ تمام پنیر کے ٹکڑے سڑ گئے اور ضرورت کے وقت کسی کام نہ آئے۔

Lyle thought and thought about how to best use his fortune. In the end he used his share of the fortune to help his friends and families start new businesses and build new homes. Lyle helped Mice Ville grow.

لایل نے بھی ان ایک ہزار پنیر کے ٹکڑوں کے استعمال کا بہترین طریقہ سوچا۔ اس نے سوچا کہ اس تمام پنیر کو دوستوں اور رشتہ داروں مین تقسیم کرنے سے ان لوگوں کو پنیر کی نئی دوکانیں کھولنے اور نئے گھر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس طرح لایل نے اپنی اس نعمت کو بستی چوہانگر کی ترقی اور خوش حالی کے لئے استعمال کیا۔

One month later the three mice returned to the hole under the ground to meet up with the old mouse. The old mouse was no longer humming a familiar tune.

He looked at the three best friends and said, "I am a little sad. I thought the three of you would do better with your cheese fortunes. Instead, only one of you has done good for his family and friends."

ایک مہینہ بعد بستی چوہانگر کے یہ تینوں دوست چھوٹے بوڑھے چوہے سے ملنے زمین کے نیچے بنی ہوئی سرنگ میں گئے۔ آج بوڑھے چوہے کا لہجہ بدلہ ہوا تھا۔

اس بوڑھے چوہے نے ان تینوں کو دیکھا اور کہا "مجھے تھوڑا افسوس ہے۔ میرا خیال تھا کہ تم تینوں اپنے اپنے حصہ کے پنیر کا اچھا استعمال کروگے مگر تم میں سے صرف ایک ہی نے اس کا استعمال اچھی طرح کیا ہے اور اس پنیر کو اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کی مدد کے لئے استعمال کیا ہے"۔

He looked at Henry. Henry was very proud of himself in his new suit and very expensive shoes. “Henry, you spent all of your money on yourself. You thought being rich would make people listen to you. Instead, you are now out of cheese and unable to help anyone.”

بوڑھے چوہے نے ہینری کو اس کے نئے سوٹ اور قیمتی جوتوں میں دیکھا اور کہا: "ہینری تم نے اپنا سارا تحفہ کا پنیر اپنی ذات پر استعمال کرلیا ، تم نے سوچا مالدار ہونے کی وجہ سے لوگ تم کو پسند کریں گے۔اب تمہارا سارا پنیر ختم ہو گیا ہے اور اب تم کسی کی مدد نہیں کرسکتے"۔

Next he looked at Frank. The old Mouse said, “You saved every bit of cheese I gave you. The problem is, it is now mouldy and not useful for anyone. At the very least you could have given it away to those who are hungry while it was still good.”

پھراس نے فرینک کی طرف دیکھااور کہا"تم نے بادشاہ سلامت کے دئے ہوئے پنیر کا ایک ایک ٹکڑا زمین میں دبادیااور وہ سب سڑ گئے۔تم اس میں سے کچھ ٹکڑے بستی چوہانگر کے ان چوہوں کو دے سکتے تھے جو بھوکے ہیں اور کھانے کوان کے پاس کچھ نہیں ہے"۔

Then he looked at Lyle. “Lyle,” he said, “ I am very proud of you. You took your cheese and you gave to your friends and family. You helped people build businesses and homes, and now you are making money on your cheese. Because of your success and kindness, you have won a fortune for life.”

پھر وہ لایل کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: "مجھے تم پر فخر ہے تم نے پنیر کے وہ ایک ہزار ٹکڑے لے کر اپنے دوستوں اور رشتہ داروں میں تقسیم کیئے اس طرح تم نے پنیر کی نئ دوکانیں کھولنے اور نئے گھر بنانے میں ان کی مدد کی۔ تم نے اپنے امتحان میں کامیابی اور اپنی رحم دلی کی وجہ سے اپنے لئے اور پنیر کا انتظام کرلیا ہے"۔اس نے پھر مسکرا کر کہا: "تم نے اپنے لئے زندگی بھر کے لئے پنیر کا انتظام کر لیا ہے"۔

Suddenly the old Mouse disappeared. Henry and Frank looked sad while Lyle was happy. Lyle looked at them, smiled and said, "My fortune is the happiness I get knowing that I am doing good for others who are in need," he said. "Happiness is worth more than any amount of money."

Moral of the story: True happiness comes from giving to others.

یہ کہتے ہی چھوٹا بوڑھا چوہا غایب ہو گیا۔ ہینری اور فرینک مایوس تھے لیکن لایل خوش تھا۔ پھر لایل نے ان دونوں کی طرف مسکرا کر دیکھا اور کہا: "مجھے اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کی مدد کر کے جو مسرت اور خوشی حاصل ہو رہی ہے وہی میرا انعام ہے۔ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کی مدد کرنے کی خوشی پنیر کی کسی بھی زیادہ سے زیادہ مقدار ملنے سے بڑھ کر ہے"۔

سبق: اصلی خوشی اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کی مدد کر کے حاصل ہوتی ہے۔

DUAL LANGUAGE SERIES

for children (age group 5-12 years)

* THE LAZY MARMOT
* THE YETI OF KRANKVILLE
* THE FLYING HORSE
* THE LION THAT LOVED APPLES
* THREE BEST FRIENDS OF MICE VILLE
* LONELY RABBIT AND HER DREAM

EARLIER BOOKS PUBLISHED UNDER THE SAME SERIES

* THREE LITTLE PIGS
* CINDERELLA
* SLEEPING BEAUTY
* SNOW WHITE AND THE SEVEN DWARFS
* LITTLE RED RIDING HOOD
* JACK AND THE BEANSTALK

Published in English with following languages

URDU, HINDI, PUNJABI, GUJARATI, BENGALI, TAMIL,
ARABIC, SPANISH, VIETNAMESE, KOREAN

MY FIRST PICTURE DICTIONARY

(an illustrated dictionary for children)

published in English with following languages

ARABIC, BENGALI, BULGARIAN, CHINESE, CROATIAN, CZECH, FARSI, FRENCH, GUJARATI, HINDI, HUNGARIAN, ITALIAN, KOREAN, LATVIAN, LEVANTINE ARABIC, LITHUANIAN, PASHTO, POLISH, PORTUGUESE, PUNJABI, ROMANIAN, RUSSIAN, SLOVAK, SPANISH, TAMIL, URDU and VIETNAMESE

English - Urdu

THREE BEST FRIENDS OF MICE VILLE

تین چوہوں کا امتحان

Translated by : Dr. Amir Jamal

56, Langland Crescent, Stanmore HA7 1NG, U.K.
Tel: 020 8900 2640, Fax: 020 3621 6116
email: sales@starbooksuk.com; www.starbooksuk.com